تاریخ:____________________________

**CityFHEPS پروگرام میں شرکت کنندہ کا معاہدہ**
**(Urdu)**

**پروگرام کے درخواست دہندہ کا نام:______________________________________________**

**میں، ______________________________________، نے CityFHEPS پروگرام سے ماہانہ کرایہ میں اعانت کے تکملہ کے لیے درخواست دی ہے تاکہ میرے گھرانے کو درج ذیل یونٹ کے لیے، جسے میں نے ذاتی طور پر دیکھا ہے، کرایہ ادا کرنے میں مدد ملے:**

______________________________________________________________________

______________________________________________________________________

**میں درج ذیل کو سمجھتا اور اس سے اتفاق کرتا ہوں:**

1. میں متفق ہوں:

   - آمدنی اور گھرانے کی ساخت کی بابت درست، مکمل اور حالیہ معلومات فراہم کرنے پر؛
   - میرے گھرانے کی اہلیت کی توثیق کرنے کے لیے حسب ضرورت تائیدی دستاویزی شہادت فراہم کرنے پر؛

2. CityFHEPS کے لیے میری درخواست کے سلسلے میں میری فراہم کردہ کوئی بھی معلومات HRA کی جانب سے تصدیق کی مستوجب ہوگی۔ اگر میری فراہم کردہ کوئی بھی معلومات غلط ہو تو مجھے CityFHEPS سے منع کیا جا سکتا ہے۔

3. میں نے CityFHEPS کے لیے اپنی درخواست کے سلسلے میں جو معلومات دی ہیں ان کی توثیق یا تصدیق کے لیے میں ایک تفتیش پر متفق ہوں۔ اگر اضافی معلومات کی درخواست کی گئی تو میں اسے فراہم کروں گا۔

**(صفحہ پلٹیں)**

**اگر مجھے CityFHEPS کے لیے منظوری مل جاتی ہے تو میں درج ذیل باتوں کو بھی سمجھتا اور ان سے اتفاق کرتا ہوں:**

1. CityFHEPS کے لیے میری منظوری کے نوٹس میں میرے CityFHEPS کے کرایے میں اعانت کے تکملہ کی رقم مندرج ہوگی۔

2. CityFHEPS کے کرایے میں اعانت کے تکملہ کی رقم HRA ہر مہینے براہ راست میرے مالک مکان (یا اس کے قائم مقام) کو ادا کرے گا۔

3. میں سمجھتا/سمجھتی ہوں کہ HRA کرایے میں اعانت کے تکملہ کی رقم ادا کرے گی۔ اگر میں نیویارک سٹی کے پانچ (5) بوروز میں سے کسی میں رہ رہا ہوں اور میں نقد اعانت حاصل کر رہا ہوں، تو HRA میرے مکان مالک (یا مکان مالک کے نامزد کردہ) کو شیلٹر الاؤنس کی ادائیگی بھی کر سکتی ہے۔ میں سمجھتا/سمجھتی ہوں کہ **میں اپنے کرایے کا باقی حصہ ادا کرنے کا/کی ذمہ دار ہوں۔**

4. میں کام سے متعلق ان تمام اعانتوں کے لیے فائل کرنے پر متفق ہوں جس کا میں حقدار ہوں۔ کام سے متعلق ان اعانتوں میں عوامی فوائد اور ٹیکس کریڈٹ، جیسے کمائی گئی انکم ٹیکس کریڈٹ (Earned Income Tax Credit, EITC)، چائلڈ ٹیکس کریڈٹ (Child Tax Credit, CTC) چائلڈ کیئر ٹیکس کریڈٹ (Child Care Tax Credit, CCTC) شامل ہیں۔ ٹیکس کی تیاری میں اعانت کے لیے، میں www.nyc.gov/taxprep ملاحظہ کر سکتا ہوں یا 311 پر کال کرکے "ٹیکس کی تیاری میں اعانت" (tax preparation assistance) بول سکتا ہوں۔

5. مجھ پر اپنی رہائش برقرار رکھنے کے بہترین کوششیں کرنا لازم ہے۔

6. اگر میں NYC کے اندر رہ رہا ہوں، تو میں اپنے مقامی ہوم بیس کے دفتر میں یا دوسرے نامزد سروس فراہم کنندہ سے مکان مالک اور کرایہ دار کے درمیان ثالثی اور بے دخلی مخالف خدمات جیسی چیزوں کے لیے مدد اور حوالہ جات حاصل کر سکتا/سکتی ہوں۔

7. میرے گھرانے کے جو ممبران نقد اعانت (CA) کے اہل ہیں انہیں CA موصول ہونا ضروری ہے۔

8. اگر میرا گھرانہ کسی وفاقی یا ریاستی رہائش کے فائدے بشمول سیکشن 8 یا FHEPS کے لیے اہل قرار پاتا ہے تو مجھ پر اس طرح کے فوائد کے لیے درخواست دینا اور پیش کیے جانے پر انہیں قبول کرنا لازم ہے۔

9. اگر میرا گھرانہ HRA کی پناہ گاہ کے لیے اہل ہے تو میرے گھرانے میں ایسا فرد شامل نہیں ہو سکتا جس نے میرے گھرانے کو HRA کی پناہ گاہ کے لیے اہل بنایا ہو۔

10. مجھے نئے اپارٹمنٹ میں منتقل ہونے سے پہلے HRA کی منظوری حاصل کرنا ضروری ہے۔

11. میں 718-557-1399 پر کال کر کے HRA کو فوری طور پر مطلع کرنے سے اتفاق کرتا ہوں، اگر:
    - میں منتقل ہو جاتا ہوں؛
    - مجھے بے دخلی کے کاغذات پیش کر دیے جاتے ہیں؛
    - میرا مالک مکان یا جس کو میں کرایہ ادا کرتا ہوں وہ تبدیل ہو جاتا ہے؛ یا
    - میں اپنا کرایہ ادا نہیں کر پاتا ہوں۔

12. اگر میں کوئی کمرہ یا سنگل روم آکیوپنسی (Single Room Occupancy, SRO) یونٹ کرایے پر لے رہا ہوں اور اپنے گھرانے میں 18 سال سے کم عمر کے کسی فرد کو شامل کرنے کا میرا ارادہ ہو تو میں HRA کو 718-557-1399 پر کال کرکے فوری طور پر مطلع کرنے سے اتفاق کرتا ہوں تاکہ مجھے اپارٹمنٹ میں منتقل ہونے میں مدد مل سکے۔

**(صفحہ پلٹیں)**

13. میں سمجھتا ہوں کہ CityFHEPS کو کسی دیگر کرایے میں اعانت پروگرام کے ساتھ نہیں جوڑا جا سکتا ہے، سوائے اس کے کہ HRA کی پیشگی منظوری حاصل ہو۔

14. میں سٹی کے CityFHEPS پروگرام کے بندوبست میں اس کے ساتھ پوری طرح تعاون کروں گا۔

**آپ کو جان لینا چاہیے**

- مکان مالک یا بروکر CityFHEPS قبول کرنے سے انکار نہیں کر سکتے۔ CityFHEPS کو قبول کرنے سے انکار NYC کے انسانی حقوق کے قانون (NYC Human Rights Law) کے تحت یا NYS کے انسانی حقوق کے قانون (NYC Human Rights Law) کے تحت آمدنی میں امتیاز کا ذریعہ بن سکتا ہے۔
- مالکان مکان اور بروکرز کے ساتھ ضمنی سودے ممنوع ہیں۔
- اگر کوئی مالک مکان یا بروکر CityFHEPS سے انکار کرتا ہے یا آپ سے ضمنی سودے کا کہتا ہے تو DSS کے آمدنی کے ذریعہ میں امتیاز سے متعلق یونٹ (DSS Source of Income Discrimination Unit) کو **718-557-1399** پر کال کریں۔
- HRA کے سیکیورٹی واؤچر کو سیکیورٹی کی ادائیگی مانا جاتا ہے۔ مالک مکان یا بروکر آپ سے سکیورٹی کے لیے کوئی اضافی پیسے ادا کرے کا نہیں کہہ سکتے۔
- بروکر کو آپ سے کوئی اضافی بروکر فیس ادا کرنے کو نہیں کہنا چاہیے۔
- آپ کا مالک مکان کسی مختلف یونٹ میں منتقل ہونے پر مجبور نہیں کر سکتا۔
- آپ نے گھوم پھر کر دیکھنے کے وقت جو یونٹ دیکھا وہ اگر وہی یونٹ نہیں ہے جو منتقلی کے وقت آپ کو پیش کی جا رہی ہے تو فوراً HRA فراڈ ہاٹ لائن (HRA Fraud Hotline) کو 718-557-1399 پر کال کریں۔

*مطلوبہ دستخط*

**میں نے اس پروگرام کے شرکت کنندہ کے مفاہمتی بیان کو پڑھ اور سمجھ لیا ہے اور اس کی شرائط سے متفق ہوں۔**

| | |
|---|---|
| تاریخ ________ | پروگرام کے لیے درخواست دہندہ کا دستخط ________________ |

میں نے اس پروگرام کے شرکت کنندہ کے مفاہمتی بیان کو پڑھ اور سمجھ لیا ہے۔ میں HRA اور سٹی کے CityFHEPS پروگرام کے اس کے بندوبست میں اس کے ساتھ پوری طرح تعاون کرنے اور میں اپنی آمدنی کے بارے میں درست معلومات اور حسب ضرورت اضافی معلومات فراہم کرنے پر متفق ہوں۔ میں HRA کے ذریعہ CityFHEPS کے بندوبست کے سلسلے میں جو کوئی معلومات فراہم کرتا ہوں اس کی توثیق یا تصدیق کی تفتیش پر متفق ہوں۔

| | | |
|---|---|---|
| تاریخ | گھرانے کے ممبر کا نام | گھرانے کے ممبر کے دستخط |
| تاریخ | گھرانے کے ممبر کا نام | گھرانے کے ممبر کے دستخط |
| تاریخ | گھرانے کے ممبر کا نام | گھرانے کے ممبر کے دستخط |

(صفحہ پلٹیں)

گھرانے کے درج ذیل بالغ فرد نے درج ذیل وجہ (وجوہات) سے اس معاہدے کی نقل پر دستخط نہیں کیا ہے:

_______________________________________________

_______________________________________________

_______________________
کیس مینیجر یا ہاؤسنگ اسپیشلسٹ کا نام

_______________________ _______________
کیس مینیجر یا ہاؤسنگ اسپیشلسٹ کے دستخط تاریخ

کیس مینیجر یا ہاؤسنگ اسپیشلسٹ کے دستخط سے اوپر بیان کردہ گھرانے کے ممبر کی معلومات کی تصدیق ہوتی ہے۔

CityFHEPS وفاقی سیکشن 8 پروگرام سے ملتا جلتا ہے اس معنی میں کہ، فنڈنگ کی دستیابی کی شرط کے ساتھ، یہ اعانت، بشمول متعین رقوم کی کرایہ میں اعانت ان مالکان مکان اور کرایہ داروں کو فراہم کرتا ہے جو مالک مکان اور کرایہ دار کا رشتہ استوار کرنا چاہتے ہوں۔ کوئی بھی معاہدہ جاتی رشتہ کلی طور پر پروگرام میں شرکت کرنے والے ہر کرایہ دار اور پروگرام میں شرکت کرنے والے ہر کرایہ دار کے مالک مکان کے بیچ ہو گا۔

**کیا آپ کو طبی یا دماغی صحت کی کیفیت یا معذوری لاحق ہے؟** کیا اس کیفیت کی وجہ سے آپ کے لیے اس نوٹس کو سمجھنا یا اس نوٹس میں جو کچھ کرنے کو کہا جا رہا ہے اسے انجام دینا مشکل ہوتا ہے؟ کیا اس کیفیت کی وجہ سے آپ کے لیے HRA میں دیگر خدمات حاصل کرنا مشکل ہوتا ہے؟ **ہم آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔** ہمیں 718-557-1399 پر کال کریں۔ آپ HRA دفتر جا کر بھی مدد کی درخواست کر سکتے ہیں۔ آپ کو قانون کے تحت اس قسم کی مدد طلب کرنے کا حق ہے۔